विषय उर्दू (106) 2023-24 पूर्णांक - 80

اُردو कक्षा - 12 समय : 3 घण्टे

نوٹ :- 1. طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں

2. اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی تعداد ہے جتنی اوپر لکھی گئی ہے۔

3. حصّہ "الف" اور حصّہ "ب" سے سبھی سوالات حل کرنا ضروری ہے۔

4. سوالات کے جواب میں جس سوال کا جو نمبر ہے جواب میں وہی نمبر لکھیں

5. صاف ستھری اور خوش خط تحریر میں جواب لکھیں۔

## "حصّہ الف"

**سوال 1: غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیں : 08**

جی ۲۰ (G-20) جیسا کہ اپنے نام سے واضح ہے کہ یہ بیس (20) ممالک کا گروپ ہے۔ سال (۱۹۹۹) میں جب ایشیا میں معاشی بحران (آدتھک مندی) آیا تو تب مختلف ممالک کے وزرائے خزانہ اور مرکزی بینک کے گورنرز نے مل کر ایک ایسا فورم بنانے کا سوچا جہاں عالمی اقتصادی اور مالیاتی مسائل پر بات ہو سکے جی ۲۰ کا پہلا اجلاس ۲۰۰۸ میں واشنگٹن میں ہوا۔ اب تک کل 17 اجلاس ہو چکے ہیں۔ انڈیا میں اسکا 18 واں اجلاس ہوا ہے۔ جی ۲۰ کے اس اجلاس کی صدارت وزیر۔اے۔اعظم نریندر مودی نے کی۔ اس اجلاس کی ایک میٹنگ اتراکھنڈ کے رامنگر میں منعقد ہوئی۔ جی۔۲۰ کا اگلہ اجلاس برازیل میں ہوگا۔ اس بار افریقی یونین کو اس گروپ میں جوڑا گیا ہے۔ اس طرح اب کل ۲۱ ممالک اس گروپ کے ممبر ہیں۔

1. جی-۲۰ (G-20) میں کل ممالک کی کتنی تعداد ہے ؟

Downloaded from cclchapter.com

2 جی ۲۰ کی پہلی میٹنگ کہاں ہوئی ؟

3 جی ۲۰ کا ہندوستان میں کون سا اجلاس ہوا ؟

4 ہندوستان میں اس اجلاس کی صدارت کس نے کی ؟

5 اترا کھنڈ کے کس شہر میں اس کی میٹنگ ہوئی ؟

6 جی ۲۰ کا اگلہ اجلاس کہاں ہوگا ؟

7 جی ۲۰ کے نئے ممبر کا نام کیا ہے ؟

8 ایشیا میں معاشی بحران کس سال آیا ؟

سوال 2. مندرجہ ذیل عنوانات میں کسی ایک پر مضمون (ESSAY) لکھیں، مضمون 2+7+3

کو تین حصّوں میں لکھنا ہے ....

1. تمہید (INTRODUCTION) 2. نفس مضمون (EXPLANATION) 3 افتتاحیہ (CONCLUSION)

1. عورتوں کی تعلیم

2. میرا پسندیدہ کھیل

3. انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصان

4. میرا پسندیدہ تہوار

سوال 3. اپنے محلّہ میں بجلی کی کمی کو دور کرنے کے لیے محکمہ بجلی کو درخواست لکھیں۔ 08

یا

اپنے پرنسپل کو فیس معاف کرنے کے لیے درخواست لکھیں

سوال 4. درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیے اور ایک مناسب عنوان/نام (TITLE) دیجیے 08

ایک مسافر کسی بڑے ریگستان میں راستہ بھول گیا۔ بدقسمتی سے کھانا بھی ختم ہو چکا تھا۔ اور برداشت کی طاقت نہ رہی تھی۔ اس کی کمر سے کچھ روپیے بندھے تھے۔ جب چاروں طرف گھوم کر غریب کو کہیں کچھ نہ ملا تو وہ بہت پریشان ہوا۔ اور آخرکار اس نے جان دے دی۔

کچھ عرصہ بعد اس طرف سے کسی

Downloaded from cclchapter.com

قافلے کا گزر ہوا تو دیکھا کہ مرنے والے کے سامنے دو پیوں کی گٹھڑی رکھی ہے اور زمین پر لکھا ہوا ہے۔
"مال دولت سے پیٹ نہیں بھرتا۔ سونے چاندی سے شلجم اچھے ہیں جس سے پیٹ تو بھر سکتا ہے۔"

سوال 5. درج ذیل محاوروں میں سے صرف چار لکھیے اور انہیں جملوں میں استعمال کریں 08

1. ہوا نہ لگنا
2. پانی پانی ہونا
3. چراغ گل ہونا
4. عید کا چاند ہونا
5. پاپڑ بیلنا

سوال 6. آپ کے علاقے میں ایک نیا ڈیری فارم کھل رہا ہے۔ اچھا سا اشتہار بنائیں 04

## "حصہ ب" (Section-B)

سوال 7. اُس وقت قریب کے باغیچہ سے شیاما (بھجنگی، چیل چھانپو) کے بولنے کی آوازیں آ رہی تھیں۔ انہیں یاد آیا کہ لمبی دم والی کوّے کی طرح گہرے سیاہ رنگ کی شیاما سب سے پہلے بیدار ہو جانے والی چڑیوں میں سے ہے جو سورج نکلنے سے دو تین گھنٹے پہلے ہی سے بولنا شروع کر دیتی ہے۔ سیّدہ کو وہ بات بھی یاد آئی جب انہیں پچھلے سال شروع برسات میں اتفاقاً شیاما کے ایک گھونسلے کا پتہ چل گیا تھا، لیکن کوشش کے باوجود گھونسلے تک ان کی رسائی نہ ہو سکی تھی۔ ہوا یہ تھا کہ ایک دن جب وہ اپنے باغیچہ میں چہل قدمی کر رہے تھے تو انہوں نے دیکھا

Downloaded from cclchapter.com

کہ گوریوں سے کچھ بڑی دو کالی چڑیاں، جن کی دم لمبی اور بیرے سے انلار کی طرف انگریزی کے حرف A کی طرح کٹی ہوتی ہیں، چھوٹے۔ چھوٹے تنکے بین کر بیری کے ایک گھنے پیڑ پر لے جاکر رکھ رہی ہیں۔ سیّد سمجھ گئے کہ ہو نہ ہو یہ چڑیاں شیاما ہیں۔ جو انڈے دینے کے لیئے گھونسلہ تیار کر رہی۔ سیّد نے سوچا کہ شیاما کے گھونسلے کی بات وہ کسی اور کو نہیں بتائیں گے۔ ہو سکتا ہے کوئی شریر لڑکا انڈے نکال کر گھونسلہ برباد کر دیے

01 1. شیاما کو دوسرے کس نام سے جانا جاتا ہے ؟

① بھجنگی، چیل چھانبو ② کوئیل ③ بٹیر ④ تیتر

02 2. سیّدہ کو شیاما چڑیا کے بارے میں کب پتہ چلا ؟

03 3. شیاما چڑیا کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔

یا

کسی زمانے میں کئی قسم کے ہاتھی پائے جاتے تھے۔ لیکن اب پوری دنیا میں ان کی صرف دو قسم کی نسلیں باقی رہ گئی ہیں۔ ایک ایشیائی اور دوسری افریقی ہاتھی۔ افریقی ہاتھی قد میں ہندوستانی ہاتھیوں سے بڑے ہوتے ہیں۔ ایک افریقی نر ہاتھی کی اونچائی زمین سے کندھوں تک عموماً گیارہ فٹ اور اس کے دانت چھ سے آٹھ فٹ تک لمبے ہوتے ہیں۔ لیکن ایشیا ہاتھی جن میں ہندوستان اور سری لنکا کے ہاتھی شامل ہیں۔ دس فٹ سے اونچے نہیں ہوتے اور ان کے دانت بھی پانچ فٹ سے زیادہ نہیں بڑھ پاتے ہیں۔

01 ① ہاتھی کی دو قسمیں ہیں۔

① افریقی ② ایشیائی ③ دونوں ④ کوئی نہیں

02 ② ایشیائی ہاتھی کی لمبائی کے بارے میں لکھیں۔

03 ③ ہاتھی کے بارے میں وضاحت سے لکھیں۔

سوال نمبر 8۔ "جنگل کی ایک رات" کتاب سے دو جانوروں کے بارے میں تفصیل سے لکھیں

06

Downloaded from cclchapter.com

01 سوال 9۔ (i) "جنگل کی ایک رات" کتاب کے مصنف ہیں
Ⓐ دیوان احمد عباسی Ⓑ محمد مجیب Ⓒ منٹو Ⓓ سودا

01 (ii) شیاما چڑیا کا رنگ ہوتا ہے۔
Ⓐ سیاہ Ⓑ سرخ Ⓒ سفید Ⓓ ہرا

01 (iii) مادہ خرگوش ایک بار میں بچے دیتی ہے۔
Ⓐ ایک Ⓑ دو Ⓒ تین Ⓓ اس سے زیادہ

01 (iv) افریقی ہاتھی ہوتے ہیں
Ⓐ چھوٹے Ⓑ کمزور Ⓒ پتلے Ⓓ لمبے چوڑے

05 سوال 10 ڈرامہ پروین کی تلاش میں کیشوداس اور پورنما کے کردار پر روشنی ڈالیے

02 سوال 11۔ (i) پروین کی تلاش ڈرامہ میں جیوتی پرکاش کے کردار کا خلاصہ مختصر طریقے سے کریں۔

02 (ii) کملا پتی ناتھ نے اپنی طالب علم نرملا کے بارے میں کیا بتایا؟

02 (iii) رگھورام نے ڈرامہ کی پروین کے کردار کے لئے عورت کو تلاش کرنے سے منع کیوں کر دیا؟

02 (iv) جیوتی پرکاش کے کردار کو لکھیے۔

01 سوال 12۔ (i) ڈرامہ پروین کی تلاش کے مصنف ہیں
Ⓐ محمد مجیب Ⓑ منٹو Ⓒ سودا Ⓓ میر

01 (ii) کیشوداس کی بیوی ہے
Ⓐ پورنما Ⓑ نرملا Ⓒ کملا Ⓓ کنودانی

01 (iii) کیشوداس ہے۔
Ⓐ آئی بی ایس Ⓑ آئی اے ایس Ⓒ بی بی ایس Ⓓ آئی ایف ایس

Downloaded from cclchapter.com